ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز بمقابلہ زمبابوے اے دوسرا چار روزہ میچ۔

موتارے، 12 مئی 2023:

زمبابوے اے نے پاکستان شاہینز کے خلاف دوسرے چار روزہ میچ کے تیسرے دن اپنی دوسری اننگز میں 238 رنز بنائے تھے اور اس کے 7 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔

زمبابوے اے کی ٹیم کو اننگز کی شکست سے بچنے کے لیے اب بھی 78 رنز بنانے ہیں اور اس کی 3 وکٹیں باقی ہیں۔

اس سے قبل پاکستان شاہینز پہلی اننگز میں 479 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی جبکہ زمبابوے اے کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 163 رنز بنا سکی تھی۔

میچ کے تیسرے دن پاکستان شاہینز نے اپنی پہلی اننگز 461 رنز آٹھ کھلاڑی آؤٹ پر شروع کی۔ حسیب اللہ اپنے گزشتہ روز کے اسکور میں صرف چھ رنز کا اضافہ کرکے نیاؤنکی کی گیند پر کیمبل کے ہاتھوں کیچ ہوگئے۔ ان کی 117 رنز کی اننگز میں چودہ چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

حسیب اللہ اور محمد علی نے نویں وکٹ کی شراکت میں 61 اہم رنز کا اضافہ کیا۔

حسیب اللہ کے آؤٹ ہونے کے بعد شاہنواز دھانی کی وکٹ بھی جلد گر گئی۔
زمبابوے اے کی طرف سے وکٹر نیاؤنکی نے 125 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ چیوانگا نے 3 کھلاڑی 89 رنز کے عوض آؤٹ کیے۔

زمبابوے نے اپنی دوسری اننگز 316 رنز کے خسارے کے ساتھ شروع کی۔
اوپنر جوئے لارڈ گمبی جنہوں نے پہلے میچ میں سنچری اسکور کی تھی 11 رنز کے انفرادی اسکور پر ریٹائرڈ ہرٹ ہوگئے۔

پہلی اننگز میں نصف سنچری بنانے والے مارومانی کو 17 رنز پر عمران بٹ نے حسین طلعت کی گیند پر کیچ کرلیا۔

کپتان روئے کین 27 رنز بنا کر محمد علی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔

پاکستان شاہینز کی جانب سے محمد علی اور عامر جمال نے دو دو وکٹیں لیں۔

میچ کا مختصر اسکور۔
زمبابوے اے پہلی اننگز۔ 163 آل آؤٹ۔ مارومانی 66 ڈیون مائرز 50۔ محمد علی۔ 36 / 4 وکٹ۔ مہران ممتاز۔ 36 / 3 وکٹ۔ عامر جمال 51 / 3 وکٹ۔
دوسری اننگز 238 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ۔
پاکستان شاہینز پہلی اننگز 479۔ حسیب اللہ خان 117۔ حسین طلعت 74۔ عمیر یوسف 65۔ محمد حریرہ 64۔ نیاؤنکی 125 / 5 وکٹ۔ چیوانگا 89 / 3 وکٹ

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department

P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial